سوال

(149)آمین بالجہر سنت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسجد میں جاکر آمین بالجہر کہی یا پڑھی جاتی ہے ۔ تو بھائی احناف بہت گھبراتے ہیں اور کہتے ہیں کہ کیا آمین آہستہ کہنے سے نماز نہیں ہوتی ۔ اونچا پڑھنے سے نماز بہت اچھی ہوجاتی ہے ۔ سو براہ مہربانی جواب دیں ۔ کہ نماز صحیح بطریق رسول اللہ ﷺ کس طرح ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آمین بالجہر کہنی سنت ہے ۔ بہ نیت نیک ۔ ہر جگہ کہہ سکتا ہے ۔ حنفیوں کا چڑنا فضول ہے ۔ جب کہ خود پیران پیر غنیة الطالبین میں فرماتے ہیں ۔ جو کہتے ہیں کہ آہستہ کہنے سے نماز ہوجاتی ہے ۔ ان کو کہنا چاہیے کہ مسواک کرنے کے بغیر بھی نماز درست ہوجاتی ہے تو کیا اس کے یہ معنی ہیں ۔ مسواک کرنی چھوڑ دی جاوے کیسی بات ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص359

محدث فتویٰ